صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 2 جون 2021ء بمطابق 21 شوال 1442 ہجری سہ پہر تین بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، محمود جان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اوراس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

یَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِی النَّارِ یَقُوْلُوْنَ یٰلَیْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا o وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِیْلَا o رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَیْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِیْرًا o یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْاؕ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِیْهًا o یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا o یُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَیَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْؕ وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا۔

(ترجمہ): ارشاد ہے جس روز بے ایمان لوگوں کے چہرے آگ پر الٹ پلٹ کیے جائیں گے اُس وقت وہ کہیں گے کہ "کاش ہم نے اللہ اور رسولؐ کی اطاعت کی ہوتی۔ اور کہیں گے کہ "اے رب ہمارے، ہم نے اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کی اطاعت کی اور انہوں نے ہمیں راہِ راست اور ہدایت کے راستے سے بے راہ کر دیا۔ اے رب، ان کو دوہرا عذاب دے اور ان پر سخت لعنت کر"۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو، اُن لوگوں کی طرح نہ بن جاؤ جنہوں نے موسیٰؑ کو اذیتیں دی تھیں، پھر اللہ نے اُن کی بنائی ہوئی باتوں سے اُس کی براءت فرمائی اور وہ اللہ کے نزدیک باعزت تھا ۔ اے ایمان لانے والو، اللہ سے ڈرو اور ٹھیک سچی بات کیا کرو۔ اللہ تمہارے اعمال درست کر دے گا اور تمہارے

قصوروں سے در گزر فرمائے گا جو شخص اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرے اُس نے بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔
وآخِرُالدَعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

رسمی کارروائی

جناب ڈپٹی سپیکر: یو منٹ جی، (قطع کلامیاں) کوئسچنز آور: اس لئے میں، (قطع کلامیاں) ایک منٹ جی میری بات سن لیں، یہ ایجنڈا جو ہے ایک منٹ جی، یہ ایجنڈا جو ہے یہ اپوزیشن کا دیا ہوا ہے۔

جناب منور خان: میرا سپیکر صاحب، بہت اہم پوائنٹ آف آرڈر ہے، اس کو لے لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ جی، پوائنٹ آف آرڈر ہے، اگر کوئی غلط کام ہو رہا ہے، اس کے بعد بات کریں جب شروع ہوئے ایشو۔ (قطع کلامیاں) ایک منٹ، ایک منٹ ایک منٹ، ایک منٹ سر، اگر اجلاس شروع ہو جائے اور اس میں غلطی ہو تب آپ بات کریں، ابھی کوئسچنز آور، کوئسچنز آور کوئسچن نمبر 11335، مسز حمیرا خاتون صاحبہ، مسز حمیرہ خاتون صاحبہ۔

محترمہ حمیرا خاتون: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: حمیرا خاتون صاحبہ، حمیرا خاتون صاحبہ، حمیرا خاتون صاحبہ جی۔

حافظ عصام الدین: جناب سپیکر، یہ ہمارے علاقے میں لوگ لینڈ مائنز سے مر رہے ہیں اور۔۔۔۔۔

محترمہ حمیرا خاتون: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، میرا جو یہ سوال میں نے پوچھا ہے اس میں مجھے جو جواب دیا گیا ہے، اس میں کچھ Contradiction ہے، ایک تو یہ یہاں پہ پوچھا گیا سوال جو ہے، اس میں پوری وضاحت نہیں بتائی گئی، پولیو کے قطرے پلانے والی ٹیموں کے ہمراہ ڈیوٹی اور محکمہ پولیس کے اہلکاروں کی ضلع وار تعداد انہیں دی جا رہی، یہاں پہ جو کانسٹیبل رینک کے اہلکاروں کی یومیہ 250 روپے اور اس سے بالا اہلکاروں کی، ایک دو منٹ دیدیں، سپیکر صاحب ان کو۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ، میں تمام آنریبل ممبرز سے، یو ہ° جی خبرہ داورہ، میں تمام ممبرز سے ریکویسٹ کرتا ہوں، مفتی صاحب، آپ سن لیں پہلے، آپ پہلے یہاں پہ بولیں یا اپنی سیٹ پہ بولیں، عصام الدین صاحب، عصام الدین صاحب، آپ بات سنیں، یا آپ کو سیٹ پہ موقع ملے گا یا آپ یہاں سے بولتے

رہیں، بولتے ہیں یہاں پہ چلیں بولیں، یہاں پہ بولتے رہیں یا آپ اپنی سیٹ پہ جائیں گے یا یہاں پہ بولتے جائیں گے۔ ایک منٹ، ایک منٹ، ان کو ذرا طریقہ بتائیں، ان کو ذرا طریقہ سمجھائیں طریقہ ان کو، مولانا صاحب، یہ پرائمری سکول نہیں ہے پرائمری سکول، جس طرح Behave کررہے ہیں، یہ پرائمری سکول نہیں ہے، ایک منٹ، یہ ایجنڈا ایک منٹ، ایک منٹ، ایک منٹ، آپ ایم پی اے ہیں، آپ ایم پی اے ہیں، آپ کے پارلیمانی لیڈر اور اپوزیشن لیڈر صاحب نے ہمارے ساتھ بیٹھ کر ایک ایجنڈا دیا ہے، اس ایجنڈے کو میں Follow کروں گا اگر اس طرح نہیں ہے، تمام اپوزیشن اپنا ایجنڈا واپس لیں، میں Open کردوں گا، آپ اپوزیشن لیڈر سے بات کریں، پارلیمانی لیڈر سے، آپ اپنا ایجنڈا واپس کریں، آپ اپنا ایجنڈا واپس لیں، میں تمام لوگوں کو موقع دیتا ہوں، آپ ایجنڈا ابھی دیتے ہیں پھر اپنی سیٹوں پہ تمام کھڑے ہو جاتے ہیں، بچوں جیسی حرکتیں نہ کریں مولانا صاحب، آپ بچے بنے ہوئے ہیں۔ اب میں تمام آنریبل ممبرز سے اور Specially اپوزیشن سے یہ ریکویسٹ کروں گا کہ یہ اس ایک بندے کو میں بات کرنے کی اجازت دے رہا ہوں اس کے بعد میں ایجنڈا چلاؤں گا جی، آپ متفق ہیں؟ ٹھیک ہے جی، مولانا عصام الدین صاحب۔

حافظ عصام الدین: ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، شکریہ۔ سپیکر صاحب، جیسے اس ذمہ دار فورم پر میں بطور ایک ذمہ دار ایم پی اے جنوبی وزیرستان محسود ایریا سے ایک نمائندہ کے طور پر وہاں کے لینڈ مائنز کی صفائی کے حوالے سے بارہا بات کرچکا ہوں، بارہا یہاں اپنا احتجاج ریکارڈ کرا چکا ہوں۔ پرسوں میں یہاں ان معصوموں کی تصویریں بنا کر لایا تھا تاکہ شاید ان تصویروں کو دیکھ کر کسی پر کوئی اثر ہو، ان تصویروں کو دیکھ کر شاید کوئی ان بچوں کی فریاد سنے۔ ابھی تک سینکڑوں واقعات ہو چکے ہیں، حکومت کے لئے اس میں کیا مشکل ہے کہ وہاں فوری بنیادوں پر ٹیمیں تشکیل دی جائیں اور صفائیاں ہو سکیں، وہاں جو لینڈ زمائنز کے اپریشنوں کے دوران لینڈ زمائنز جو بچھائے گئے ہیں اور 28 مئی کو ایک واقعہ ہوا جس میں ایک بندہ شدید زخمی ہوا، 30 مئی کو ایک واقعہ ہوا جس میں ایک معصوم بچی ہاتھ پاؤں سے محروم ہوگئی، ابھی کل ہی کا واقعہ ہے، کل ایک واقعہ ہوا، میں میڈیا سے کہ تین بچے، یہ تین بچے اس میں شہید ہوگئے، ان کی تصویروں کو دیکھیں تین بچے شہید ہوگئے، دو بچے شدید زخمی ہیں، تین سو کے قریب لوگ ابھی تک لینڈ مائنز کے واقعات کے شکار ہو چکے ہیں جن میں کئی سارے ایسے ہیں جو ہاتھ اور پاؤں دونوں سے محروم

ہو چکے ہیں اور کئی سارے ایسے ہیں جو اپنی دونوں آنکھیں کھو چکے ہیں اور ان میں عورتیں بھی شکار ہو چکی ہیں، بچے بھی شکار ہو چکے ہیں۔ آخر میں آج منسٹروں سے یہ التجاء کرتا ہوں کہ اس موضوع پر فوری طور پر ایمرجنسی بنیاد پر حکومت اور ہمارے ادارے ایک مشترکہ میٹنگ بلائیں، اگر اس موضوع کا کوئی حل ان سے نہیں بنتا تو صاف بتا دیں کہ ہم نے یہ لینڈ مائنز بچھائے ہیں ہمارے پاس اس کا کوئی حل نہیں ہے، ہم اپنا علاقہ چھوڑ دیں گے، ہم پشاور آجائیں گے کراچی چلے جائیں گے، کہیں اور، اس ملک میں کسی اور کونے میں چلے جائیں گے، ہم دستور، آئین کو مانتے ہیں اور اسی کے ہم پاسدار ہیں، ہم نے آئین قانون دستور کی خاطر جانوں کے نذرانے پیش کئے، میرے والد نے اسی قوم، اسی ملک کی خاطر اسی ملک کی خاطر آئین کی خاطر جان کا نذرانہ دیا ہے، لہذا میں آج آخری بار حکومت کو، حکومت سے یہ التجاء ہے، حکومت کی وساطت سے، اس اسمبلی کی وساطت اس ملک کے تمام آئینی اور دستوری اداروں سے میرا سوال ہے کہ خدارا ان بچوں کی فریاد سن لو، اگر ان کی فریاد یہ اسمبلی نہیں سنے گی، اس ملک کے ادارے نہیں سنیں گے تو ان بچوں کا کیا ہو گا؟ مریں گے، مریں گے، اپنی جانوں سے، کتنی ساری مائیں اپنے معصوم بچوں سے محروم ہوں گی، روئیں گی، عورتیں بیوہ ہوں گی، والدین بھی روئیں گے، بس یہی ہمارے بس میں ہے، امید ہے کہ یہ ہماری فریاد آج دنیا سنے گی اور اس کے لئے کوئی مثبت حل حکومت اور ادارے ملکر نکالیں گے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو، تھینک یو۔ درانی صاحب، ایجنڈا باندې که را شو نو بنه به وی، بنه یو منټ جی، جی درانی صاحب۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب، آپ کا شکریہ۔ میرے ساتھی عصام الدین خان ہمارے ایم پی اے نے بات کی، اور یقین جانیئے وہ تین معصوم بچے خود آپ نے بھی دیکھ لیا، یہ کل کا واقعہ ہے اور مسلسل یہ آرہا ہے، کوئی اس طرح نہیں ہے، ایک تو وہاں کے لوگ اپاہج ہو گئے ہیں، کسی کی ٹانگ نہیں ہے، کسی کی آنکھ نہیں ہے، کسی کا ہاتھ نہیں ہے، یہ ہزاروں کی تعداد میں، وہاں پر جو معاشرہ ہے، ابھی چونکہ گورنمنٹ نے پالیسی بھی دی اور گورنمنٹ کا یہ تھا کہ ہم نے وہاں پر صفائی کر کے مائنز کو ہٹایا ہے اور لوگوں کو گھروں کو جانے کی اجازت ہے۔ ابھی روزانہ وہاں پر یقین جانیں یہ واقعات جو ہیں، یہ بچے اگر آپ دیکھیں گے تو آپ کو ترس آجائے گا کہ یہ خدا نہ کرے میرا بچہ ہوتا، آپ کا ہوتا، میرے گھر کا ہوتا، اس ایوان کے گھروں کا ہوتا، تو اس کے دلوں پر کیا گزرتی؟ اس واقعہ کا اس طرح آپ نوٹس لے لیں، ایک دن تو

اوپر اللہ نے بھی ہم سے پوچھنا ہے کہ کوئی صوبائی حکومت، چیف منسٹر، کور کمانڈر سے بات کریں اور چیف منسٹر اور کور کمانڈر اور گورنر یہ متعلقہ ہمارے ایم پی ایز کو بلائیں، یہ وہاں پر ڈیٹیل، سب اداروں کو پتہ ہے، یہ کور کمانڈر صاحب کو بھی پتہ ہے، گورنر شاہ فرمان صاحب کو بھی پتہ ہے اور ابھی تو یہ علاقہ صوبائی گورنمنٹ کے ساتھ ہے، محمود خان کو بھی پتہ ہے، تو ایک واقعہ یہ ہے۔ دوسرا واقعہ میں آپ کو بتادوں، وہ اتنا خطرناک آرہا ہے کہ یہ کامران صاحب ابھی ہیں، اگر میری بات کو سن لیں لیکن جب یہاں پر کوئی بات کرتے ہیں تو منسٹر آپس میں گپ لگاتے ہیں، کسی کو توجہ نہیں دیتے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کامران بنگش صاحب۔

قائد حزب اختلاف: اور میں نے اس کا تین بار نام بھی لیا، کامران صاحب، لیکن وہ سنتا نہیں ہے کہ کم از کم ایک اپوزیشن لیڈر مخاطب ہے اور آپ آپس میں گپ لگاتے ہیں، بات تو سنو، کام کرنا ہے یا نہیں کرنا؟ وہ تو پھر، ابھی بھی کامران صاحب گئے تھے، ہمارے چار وزراء جانی خیل میں، وہاں پر چار لاشیں اکیس دن کے بعد ملیں اور جب لوگ مجبور ہو گئے پندرہ بیس دن کے بعد تو انہوں نے فیصلہ کیا کہ ہم لاشوں کو اسلام آباد لیکر جائیں گے اور جب بنوں شہر پہنچے تو پہلی بار تاریخ میں پولیس نے شیلنگ کی وہاں پر لاشوں پہ، اور پھر محمود خان صاحب چلے گئے، وزیر اعلیٰ صاحب اور وزراء چار پہلے گئے تھے، ان لوگوں سے مذاکرات کئے، ایک Written agreement ہے، دو مہینے تقریباً ہو گئے ہوں گے، ابھی تک صرف پیسے دینے کے علاوہ کہ اس میں ایک شق تھی پیسے دینے کی بھی، وہ تو ملے ہیں، باقی کسی پہ عمل نہیں ہوا ہے۔ ابھی جی چار دن ہوئے ہیں، جانی خیل میں ایک اور آدمی کو وہاں پر قتل کیا، ابھی پورا جانی خیل نہیں، پورے بنوں اور شمالی وزیرستان کے لوگ دھرنے پہ بیٹھے ہیں، لاش کو پلاسٹک میں بند کیا ہے کہ اس کی بدبو نہ ہو، دھرنے والی جگہ پہ لاش بھی پڑی ہے، میرے ساتھ بھی رات کو رابطہ کیا اور شاہ محمد خان ہمارے جو وزیر ہیں، اس کا صوبائی حلقہ ہے، ابھی جی میں آپ کو اس لئے بتا رہا ہوں، میں لحاظ رکھتا ہوں آپ کی بات کا کہ سوالات ہیں اور ٹائم کا لیکن یہ ضروری باتیں ہیں، ابھی وہ لوگ مجھے بھی رات کو کہہ رہے تھے کہ ہم فیصلہ کریں گے کہ اس لاش کو دوبارہ ہم نے یا وزیر اعلیٰ کے گھر کو لے جانا ہے اور یا اس لاش کو ابھی پھر ہم وزیر اعظم کے گھر کو لے جانے والے ہیں۔ میں پرسوں سے یہاں پر بات کر رہا ہوں کہ بنوں کی جو انتظامیہ ہے کمشنر اور ڈی سی فیل ہیں، ایک کا

تجربہ نہیں ہے، نہ PMS،PCS کا ہے نہ CSS کا ہے اور دوسرا Young لڑکا ہے، فرسٹ پوسٹنگ ہے، جو کوئی زبان پہ بات کرتا ہے اس کو 3 MPO میں جیل ڈالتا ہے، ابھی بھی اگر یہ آج تک آپ دیکھ لیں، صوبائی گورنمنٹ نوٹس لے، میں تو اپنے چیف سیکرٹری سے گلہ کروں گا کہ اس طرح نااہل لوگوں کو سمری آپ بھیجتے ہیں، آپ تجربہ کار آدمی ہیں، اگر ایڈمنسٹریشن سے کسی کا تعلق نہ ہو تو پھر کیوں بھیجتے ہو؟ ابھی یہ دوبارہ نہ وہاں پر لوگوں کے پاس کمشنر گیا ہے، نہ ڈی سی کا کوئی رابطہ ہے اس دھرنے میں، بیچارے پولیس والوں نے سارا کام سنبھالا ہوا ہے، تو خدا نہ کرے اگر یہ لاش کے ساتھ ابھی دوبارہ پشاور یہ ہزاروں لاکھوں لوگ آگئے تو پھر اس کے بعد جائیں گے یہ لوگ، تو ابھی سے گورنمنٹ ذرا، ایڈمنسٹریشن اگر فیل ہے تو ہٹا دیں ناں۔ خدارا اس ملک کو بدنامی سے، اور جمہوریت سے لوگ دل برداشتہ ہو جائیں گے اور جب اس ایوان کی بات کا بھی کوئی اثر نہ ہو، وزیر اعلیٰ جاتا ہے، ایگریمنٹ کرتا ہے، اس کا بھی کوئی پاس نہ ہو تو پھر وہ کیا ہے جی؟ تو لوگ تو پھر مجبور ہو جائیں گے۔ میری گزارش یہ ہے کہ فوری طور پہ صوبائی گورنمنٹ جانی خیل میں جائے اور ڈی سی اور کمشنر سے یہ پوچھے کہ چار دن سے لاش ہزاروں لوگوں کے سامنے پڑی ہے، ڈی سی صاحب، آپ جانی خیل گئے ہیں؟ کمشنر صاحب، آپ جانی خیل گئے ہیں، آپ نے کسی کے ساتھ رابطہ کیا ہے؟ جہاں یہ حال ہو تو آپ سے بھی لوگوں کی نفرت ہو جائے گی، اس ایوان سے بھی ہو جائے گی، مجھ سے بھی ہو جائے گی اور وہ دن پھر بڑا خطرناک ہو گا، پھر جب بغیر مشران کے لوگ نکلیں گے تو وہ بڑا نقصان ہو گا۔ میں آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں اور ایوان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ میں نے صرف یہ مسئلہ سنگین حالات بچانے کے لئے آپ کے سامنے پیش کیا کہ اس کا پہلے سے تدارک کیا جائے اور جو معاہدہ پہلے ہوا ہے، اس پر عمل کیا جائے۔

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Thank you. Concerned Minister, to respond.

کون کرے گا؟ شوکت صاحب کریں، کامران کریں گے۔

<u>جناب کامران خان بنگش (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم)</u>: میں کروں گا۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: کامران بنگش صاحب۔

<u>معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم</u>: شکریہ، مسٹر سپیکر۔ ایک تو مفتی صاحب نے جو نکتہ اٹھایا ہے، پچھلے اجلاس میں بھی یقیناً ہم بہت جلد ان کو ان شاءاللہ Progress دکھائیں گے، یہ بہت ضروری ہے۔ کل بھی

سپیکر صاحب، یہی ریکویسٹ تھی، آج بھی ہے کہ ایجنڈا رہ جاتا ہے یہاں پہ لیکن یہ ایشو بڑا Important ہے، جو درانی صاحب نے، اپوزیشن لیڈر صاحب ہیں، ہمارے سینیئر ہیں، انہوں نے جو ایشو اٹھایا ہے، درانی صاحب کی انفارمیشن کے لئے اور اس ہاؤس کی انفارمیشن کے لئے یہ بہت زیادہ ضروری ہے مسٹر سپیکر، کہ جانی خیل واقعہ کی تھوڑی سی تفصیلات اور حقائق بتا دیئے جائیں، ہر ایک بات کے اوپر سیاست نہیں ہوتی، یہ ہماری روایات نہیں ہیں، کچھ چیزیں جو ہیں وہ سیاست سے بالاتر ہوتی ہیں، جانی خیل کا واقعہ جب ہوا، چار دن تک شاہ محمد وزیر صاحب، ہمارے پختون یار صاحب، ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن اور وہاں کی جو لوکل ایڈمنسٹریشن ہے، کمشنر آفس اور ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن اور پولیس ایڈمنسٹریشن، وہ Engage رہے ان کے ساتھ، اس کے بعد پھر ہم گئے، یہ واقعہ جو ہے صرف سات دن تک رہا، یہ ریکارڈ کا حصہ ہے، ہمارا جب جرگہ ہوا، ان کے ساتھ ہم خود گئے، میں، ہشام انعام اللہ، شاہ محمد وزیر صاحب، ضیاء اللہ بنگش صاحب، ہم جب گئے، وہاں پہ ہماری ان کے ساتھ بات ہوئی اور ان کے ڈیمانڈز ہم نے سنے، اس کے بعد ان کا ایک مطالبہ یہ تھا کہ ان کو پیش قدمی کرنے دے دی جائے، اس بات پہ ہم واپس آئے، ہم مشورہ کر رہے تھے آپس میں کہ اس بات کو ہم کیسے Resolve کریں؟ میں Quickly بتا رہا ہوں چونکہ اس ہاؤس کو ہم Misguide نہیں کر سکتے، یہ پورے خیبر پختونخوا کا نمائندہ جرگہ ہے، یہاں پہ ہم جھوٹ نہیں بول سکتے، تو یہ بات کہنا کہ وہاں پہ ان کو Engage نہیں رکھا گیا، بالکل پہلے دن سے ان کو Engage رکھا گیا ، ان کے ساتھ مذاکرات ہوئے، پھر جب ہم جرگہ کر رہے تھے، وہ جرگے کے درمیان پختونوں کی روایات ہیں، وہ جو کچھ بھی ہوا وہ Unfortunate تھا لیکن جرگہ ابھی اس پہ شروع تھا، پھر وزیر اعلیٰ صاحب خود تشریف لائے اور صبح تین بجے جو ان کے ساتھ مذاکرات ہوئے، اس میں مسٹر سپیکر، ان کے کچھ افراد جو زیر حراست تھے ان کی ریلیز تھی، ان میں پانچ افراد کی ریلیز ہو چکی ہے، پانچ قیدی ریلیز ہو چکے ہیں، جو معاہدہ ہمارا ہوا تھا مسٹر سپیکر، شہداء پیکیج ہم نے اسی وقت دے دیا تھا انہیں۔ مسٹر سپیکر، تیسری بات جو ترقیاتی پیکیج تھا، دو ارب روپے کا پیکیج منظور ہو چکا ہے، خیبر پختونخوا حکومت نے کر لیا ہے، تو یہ تاثر دینے کی کوشش کرنا میرے سینیئر ہیں کہ یہاں پہ حکومت نہیں ہے یا حکومت کی Writ نہیں ہے بالکل غلط ہے، ہم نے جو مذاکرات کئے تھے وہ ہوئے ہیں، اب جو موجودہ واقعہ کی بات کر رہے ہیں مسٹر سپیکر، وہ ان کو معلومات ہوں

گی لیکن ہاؤس کو معلومات دینے کے لئے یہ ایک ایسا ایشو ہے جس میں Personal grudges ہیں، جو دشمنی کا واقعہ ہے مسٹر سپیکر، ہم سو نہیں رہے ہیں، ہم یہاں پہ گھنٹوں گھنٹوں تقریریں سنتے ہیں، وزیر اعلیٰ کے پیچھے بھی بات ہوتی ہے، حکومت کے پیچھے بھی ہوتی ہے، ہم نے اپنے سینیئرز کی عزت کے لئے ہم جواب نہیں دیتے لیکن ہم باخبر ہیں، ہمیں ساری چیزوں کا علم ہے اور ہم Follow up رکھتے ہیں، یہ حکومت Actively ہر ایک چیز کو Pursue کرتی ہے، ایسا نہیں ہے کہ ہم ہاتھ پہ ہاتھ دھرے بیٹھے ہوئے ہیں، رات کے بارہ بجے بھی کوئی واقعہ ہوتا ہے سپیکر صاحب، میں اور آپ خود گئے تھے، ایک واقعہ ہوا تھا رات کے ساڑھے بارہ بجے، تو یہ بات کہنا مناسب ہے، ہر ایک چیز پہ سیاست نہیں ہو سکتی، وہ ایشو الگ ہے یہ والا ایشو الگ ہے، جو ابھی ایک میت پڑی ہوئی ہے، یہ ایک ایف آئی آر ہو چکی ہے اس میں اور Nominated لوگوں کا بھی آپ پتہ کریں درانی صاحب، اس کے بعد ہم اس کو اس ایشو کے ساتھ نہیں Merge کر سکتے، تو یہ بات وہ جو مذاکرات ہوئے تھے، اس پہ من وعن عمل ہوا ہے، وہ قبائل راضی ہیں اور یہ جو ایشو ہے یہ اس سے Different ہے، اس کو بھی ہم دیکھ رہے ہیں اور اس سے مکمل طور پر باخبر ہیں۔ بہت شکریہ، مسٹر سپیکر۔

حافظ عصام الدین: جناب سپیکر، میری واقعہ کے حوالے سے کوئی انفارمیشن نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب، آپ Respond کریں عصام الدین صاحب کو۔

جناب شوکت علی خان یوسفزئی (وزیر محنت وافرادی قوت): جناب سپیکر، جو مفتی صاحب نے بات کی ہے، میرے خیال سے بچوں کے حوالے سے کس کا دل نہیں درد کرتا ہو گا؟ یا اگر کہنا کہ جی یہ بالکل کسی کو اس کی فکر نہیں ہے تو یہ میں نہیں سمجھتا کہ کوئی دشمن کے بچے بھی ہوں تو شاید اگر یہ بات تو میں وہ کرنا چاہتا ہوں، ان کو تسلی دینا چاہتا ہوں کہ ایسا ہو نہیں سکتا، لیکن جناب سپیکر، آپ کو پتہ ہے کہ گزشتہ کئی عرصے سے یہ ایک بہت بڑا چیلنج ہمارے لئے رہا ہے، جب سے دہشتگردی کا معاملہ ختم ہوا ہے اور اس صوبے میں امن آیا ہے تو ہمارے لئے چیلنج یہ تھا کہ جو مائنز بچھائے گئے ہیں، اس کو کیسے صاف کیا جائے؟ اور اس میں ہماری جو فورسز ہیں، ادارے ہیں، انہوں نے بڑا کام بھی کیا ہے، کافی حد تک اس کی صفائی کی ہے اور اس کے دوران بھی کافی فورسز کے جوان شہید ہوئے ہیں، وہ بھی ہمارے بچے ہیں، اگر ہم یہ کہیں کہ کچھ بھی نہیں ہوا ہے،

آج اللہ کے فضل سے جو زندگی لوٹ گئی ہے، وہاں پہ فاٹا کے اندر جو Merged districts ہیں، جو زندگی لوٹی ہے، جو لوگ واپس آئے ہیں، وہ اس وجہ سے آئے ہیں کہ وہاں پہ بہت بڑا کام ہوا ہے، لوگوں نے قربانیاں دی ہیں، ان قربانیوں کے نتیجے میں امن آیا ہے اور اس میں قبائلی عوام کی بہت بڑی قربانی ہے، اس میں No doubt اگر یہ لوگ قربانی نہ دیتے تو آج صورتحال کچھ مختلف ہوتی، تو ان کی قربانیاں شامل ہیں، ہم ان کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اس وقت جو چیلنج درپیش ہے جناب سپیکر، وہ اس پہ لگے ہوئے ہیں، آپ کو پتہ ہے کہ کافی عرصے سے جو مائنز کی صفائی ہے وہ ہو رہی تھی اور اس میں جہاں جہاں کچھ علاقے ایسے ہیں جو کچھ عرصہ پہلے ہمیں بریفنگ بھی دی گئی تھی کہ کچھ علاقے ہیں وہ رہ گئے ہیں لیکن اس پہ کام ہو رہا ہے، یہ نہیں کہ نہیں ہو رہا، Fencing ہو گئی ہے، تمام اس پہ لگے ہوئے ہیں، یہ ایک مشکل مرحلہ تھا، وہ بھی تقریباً Complete ہو چکا ہے، تو میں گزارش کرنا چاہتا ہوں جناب سپیکر، کہ جو انہوں نے ذکر کیا بچوں کا، بالکل اگر یہ آئے تھے، اسمبلی میں آئے تھے، ہم بھی اسمبلی کافی، ڈیڑھ بجے سے میں آیا ہوں، اگر یہ آکر ہم سے بات کرتے ہیں یہاں پہ اور ہمیں سمجھاتے ہیں کہ کرنا کیا ہے؟ اور آپ ہمیں بتائیں کیونکہ یہ ایک دو واقعات تو نہیں ہیں، یہ تو ایک سلسلہ چلا آرہا ہے اور یہ قربانیاں لوگوں نے دی ہیں، ہمیں سب کو اس کی فکر ہے تو بیٹھ کر اپوزیشن لیڈر موجود ہیں، سارے موجود ہیں، بیٹھ کر بات کر لیتے ہیں کہ کیا ایشو ہے، کیا کرنا ہے؟ آگے اس کیلئے بالکل ہم تیار ہیں، ہم تو نہیں وہ کرنا چاہتے ہیں لیکن میرے خیال سے یہ مناسب نہیں تھا کہ ڈائریکٹ آپ جائیں، تصویریں اٹھا کر لائیں کیونکہ یہ اس صوبے نے جتنی قربانیاں دیکھی ہیں جناب سپیکر، جتنی دہشتگردی یہاں سے گزری ہے، میں نہیں سمجھتا کہ تاریخ میں اس طرح کوئی ملک ایسا ہو جو دہشتگردی کی لپیٹ میں آنے کے بعد امن کے گہوارہ بنا ہو، یہ بہت مشکل سے آپ کو نظر آئے گا، تو یہ اس میں ہماری فورسز کی، ہمارے عوام کی قربانیاں اس میں شامل ہیں، ہم دونوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ میں ان سے یہ عرض کروں گا جناب سپیکر، کہ بالکل یہ بیٹھیں ہمارے ساتھ، جو بھی ہم سے ہو سکے گا، حکومت جو ہے دیکھیں کبھی بھی یہ نہیں کہے گی کہ جی ہم نہیں مانتے، یہ جو ہوا ہے ہونے دیں، اس طرح نہیں ہو سکتا، ہم اس کی بات ماننے کے لئے تیار ہیں، بالکل آئیں بیٹھیں ہمارے ساتھ، جو بھی ہم سے ہو سکے ان شاءاللہ، یہ ہمارے بچے ہیں لیکن اس میں اس طرح، کیونکہ یہ اسمبلی پورے صوبے کا جرگہ ہے، اگر ہم

یہ میسج دے رہے ہیں کہ جی بس میں ہوں، ان بچوں کا خیال رکھ رہا ہوں، باقی جتنے بھی ایوان میں بیٹھے ہیں، ان کو کسی کو فکر نہیں ہے۔ یہ میڈیا پہ جارہا ہے تو اس طرح نہیں ہے ہم سب کو اس کا درد ہے، جو میں نے ان کی تصویریں دیکھیں، میرے خیال سے کوئی بھی ایسا باپ نہیں ہوگا جو اس طرح کی چیزوں کو دیکھنے کے بعد وہ کہے کہ جی یہ اس طرح سیاست ہو رہی ہے یا فلاں ہو رہا ہے، مجھے بالکل احساس ہے اور جو بھی ہم سے ہو سکے جناب سپیکر، ان شاءاللہ ہم کریں گے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت صاحب، اس طرح ہے جس طرح اپوزیشن لیڈر صاحب نے بات کی، (قطع کلامی) ایک منٹ جی، میں بات کر رہا ہوں، اکرم درانی صاحب نے کافی وضاحت سے بات کی ہے، انہوں نے کہا کہ ان تمام ممبران سے جو Merged area ہے، گورنر صاحب اور سی ایم صاحب کی ان سے ملاقات کرائیں، جو ان کے ایشوز ہیں اس بارے میں وہ ان کو Resolve کروائیں۔ شوکت صاحب، آپ اس طرح کریں کہ گورنر صاحب اور چیف منسٹر صاحب کے ساتھ تمام Merged areas کے ایم پی ایز کی میٹنگ کرائیں اور جو ان کی مشکلات ہیں، اس کے بارے ان سے بات کریں، تھینک یو۔

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر 11335، حمیرا خاتون۔

* 11335 _ محترمہ حمیرا خاتون: کیا وزیر داخلہ وقبائلی امور ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے پر مامور موبائل ٹیموں کے ساتھ محکمہ پولیس کے اہلکاروں کی ڈیوٹیاں بھی لگائی جاتی ہیں;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ تین سالوں کے دوران محکمہ پولیس کے کتنے اہلکاروں نے پولیو کے قطرے پلانے کی ڈیوٹی سرانجام دی ہے، ان کی سال اور ضلع وار تعداد کیا ہے، نیز محکمہ پولیس کے اہلکار پولیو کے قطرے پلانے کی ٹیموں کے ساتھ ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں، ان کو اس اضافی ڈیوٹی کا معاوضہ کس تناسب سے دیا جاتا ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) جواب (جناب فضل شکور خان (وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے پر مامور موبائل ٹیموں کے ساتھ محکمہ پولیس کے اہلکاروں کی ڈیوٹیاں لگائی جاتی ہیں۔

(ب) گزشتہ تین سالوں کے دوران بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کی ڈیوٹی سرانجام دینے والے محکمہ پولیس کے اہلکاروں کی فہرست اوران کی سال اور ضلع وار تعداد، نیزان اہلکاروں کو پولیو قطرے پلانے کی ٹیموں کے ساتھ ڈیوٹی سرانجام دینے پر ان کو اس اضافی ڈیوٹی کا معاوضہ کی ادائیگی کا تناسب کی تفصیل ہمراہ لف ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

محترمہ حمیرا خاتون: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر، میں نے جو سوال کیا تھا اس کا جو جواب آیا ہے، اس میں یہ پولیو کے قطروں کے حوالے سے سوال تھا اور اس میں بتایا گیا ہے کہ صوبہ بھر میں پولیو کے قطرے پلانے والی ٹیموں کے ہمراہ ڈیوٹی سرانجام دینے والے محکمہ پولیس کے اہلکاروں کی ضلع وار تعداد مانگی گئی تھی اور اس میں ان سے معاوضہ جو دیا جاتا ہے وہ مانگا گیا تھا، سکیل وائز، لیکن انہوں نے جو مجھے بتایا ہے، اس میں انہوں نے کہا ہے کہ دو سو پچاس روپیہ یومیہ اور اس سے بالا اہلکاروں کو پانچ سو روپے یومیہ کے حساب سے اضافی اعزازیہ دیا گیا ہے اور جو اضلاع کی تفصیل مانگی گئی تھی وہ بھی فراہم نہیں گئی اور سکیل وائز جو ان سے میں نے مانگا تھا سوال میں، تو اس کے بجائے انہوں نے کہا یہ ہے کہ ہم نے 167 اور 513 اہلکاروں کو ہم نے معاوضہ دیا ہے اور ساتھ میں دوسرا مسئلہ اس میں یہ ہے کہ دو اضلاع جو خیبر اور ملاکنڈ ہیں، ان کا انہوں نے شامل ہی نہیں کیا کہ وہاں پہ پولیو کے قطرے پلائے گئے ہیں کہ نہیں پلائے گئے؟ اگر پلائے گئے تو کیا ان کو پولیس اہلکاروں کی معاونت حاصل ہوئی یا نہیں ہوئی؟ اور ان کا جو جواب کے اندر جو Contradiction ہے وہ اس سے آپ اندازہ لگائیں کہ مجھے جو فہرست فراہم کی گئی ہے، اس میں آپ مہمند کے علاقے کو چیک کریں تو اس میں انہوں نے بتایا ہے کہ اے ایس آئی کو، ایس پی کو، ڈی پی او کو جو ہے تینوں رینکس کے جو اہلکار ہیں، ان کو پانچ سو روپے یومیہ دیا گیا ہے، تو مجھے تو اس جواب کی کوئی سمجھ نہیں آ رہی، اس کا تو کوئی سر پیر معلوم ہی نہیں ہو رہا۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, to respond. Ji, Fazl Shakoor Khan.

جناب فضل شکور خان (وزیر قانون): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ سر، کوسچن کا کافی تفصیلی جواب دیا گیا ہے لیکن میں معذرت چاہتا ہوں، میڈم کو ہماری غلطی ہے کہ صحیح طریقے سے سمجھا نہیں سکے، میں ذرا اگر اجازت ہو تو ان کو Explain کر دیتا ہوں جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

وزیر برائے قانون: اس میں میڈم، آپ کو کہا گیا ہے جو Upper Sub ordinates ہیں اے ایس آئی اور اس سے Above کی جو پوسٹیں ہیں، ان میں ڈی ایس پی آتا ہے، ایس پی آتا ہے، ان سب کو پانچ سو روپیہ یومیہ دیا گیا ہے اور جو Lower sub ordinates ہیں، یہ سپاہی ہو گئے، حوالدار ہو گئے، ان کو دو سو پچاس روپیہ دیا گیا ہے، تو آپ وہ Contradiction والی بات کر رہی ہیں، میرے خیال میں وہ اس میں حل ہو جاتی ہے اور باقی جو آپ نے تفصیل مانگی ہے، ضلع وائز ہے، تو وہ بھی میرے خیال میں اس کے ساتھ لگی ہوئی ہے، شاید آپ کی نظر اس پہ نہیں پڑی کہ پشاور میں جی Total deployed تھے Troops، چار ہزار آٹھ سو دس تھے، Sorry وہ مردان بھی لگایا ہوا ہے اور ساتھ میں سالوں کے حساب سے بھی دیا گیا ہے 2018 کے بھی فگرز دیئے گئے ہیں، 2019 کا بھی، 2020 کا بھی فگر دیا گیا ہے، اگر آپ کہتی ہیں تو میں آپ کے پاس بیٹھ کر پھر آپ کو Explain بھی کر سکتا ہوں، میری ریکویسٹ ہے کہ آپ اس کو زیادہ Stress نہ کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم حمیرا خاتون صاحبہ۔

محترمہ حمیرا خاتون: جی جناب سپیکر صاحب، میں شکور صاحب کا بہت احترام کرتی ہوں، میں یہ پوچھنا چاہ رہی ہوں کہ یہاں پہ دیکھیں یہ Contradiction ہے، میں اس کو سمجھنا چاہ رہی ہوں کہ یہ جو مہنگائی میں جو دیا گیا ہے، اس میں اے ایس آئی کو، ایس پی with DPO، یہ رینکس تو بالکل ان کے الگ ہیں لیکن ان تینوں کو پانچ سو یومیہ دیا گیا ہے۔ دوسرا جو اس میں بڑا مسئلہ ہے، اس کے جواب میں جو ہے دو اضلاع کو بالکل یعنی مائنس کیا گیا ہے، جو کہ خیبر ضلع ہے اور ملاکنڈ کا ضلع ہے، ان میں انہوں نے بتایا نہیں کہ وہاں پہ پولیس اہلکاروں کو Payments ہوئی ہیں، آیا اگر وہاں پر Payments نہیں ہوئیں تو کیا وہاں پر پولیو کے قطرے

بھی نہیں پلائے گئے؟ یا قطرے پلائے گئے ہیں اور وہاں پر پولیس اہلکاروں سے معاونت نہیں لی گئی۔ میں اس کو سمجھنا چاہ رہی ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی فضل شکور صاحب۔

وزیر قانون: سر، اگر میڈم ذرا غور سے دیکھیں تو لکھا ہوا ہے کہ اے ایس آئی ٹو ایس پی / ڈی پی او لکھا ہوا ہے، اگر آپ اس کو مجھے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اے ایس آئی سے لیکر ایس پی رینک تک کے بندے کو پانچ سو روپے دیئے گئے ہیں، جس طرح میں نے کہا کہ Upper sub ordinates جو ہیں، وہ اس رینک میں آتے ہیں، ان کو پانچ سو روپے دیئے گئے ہیں۔ دوسری آپ نے یہ جو خیبر والی بات کی ہے، اس پہ واقعی نہیں ہے لیکن جو Updated ڈیپارٹمنٹ نے دیئے، اس میں بھی انہوں نے خیبر کو اس کو بارہ سو Troops جو ہیں وہ Deployed کی تھیں، تو وہ ڈیٹیل بھی ہے، میں آپ کے ساتھ اگر آپ کہتی ہیں تو کوئسچنز آور کے بعد آپ کے ساتھ وہ شیئر کر سکتا ہوں۔ اگر آپ مطمئن ہیں تو I will be grateful.

محترمہ حمیرا خاتون: جناب سپیکر صاحب، میں نے پوچھا بھی ہے لیکن میرے جواب میں انہوں نے ملاکنڈ اور خیبر کو نہیں ڈالا، دو اضلاع کا جواب میرے پاس نہیں آیا، اگر منسٹر صاحب کے پاس ہے تو ٹھیک ہے میں ان سے پھر لے لونگی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: فضل شکور صاحب، میڈم کو ڈیٹیل چاہیئے وہ آپ دے دیں۔ کوئسچن نمبر 11354، نگہت اورکزئی صاحبہ۔

* 11354 _ محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں کارڈیالوجی (یونٹ) عرصہ ایک سال سے بند پڑا ہے جس کی وجہ سے متعلقہ ڈاکٹروں کا استعفیٰ بتایا جارہا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ اہم یونٹ بند ہونے سے اب تک ہونے والے نقصانات اور حکومت کی طرف سے اس کی بحالی کے لئے کی گئی اصلاحات کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جواب (ندارد)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب، کوئسچن کو اگر آپ دیکھیں، بہت اچھا جواب دیا گیاہے اور اچھا جواب یہ ہے کہ Reply not received اور یہ ہیلتھ کا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، اگر آپ دیکھیں تو اس کو بھیجا گیا ہے 26 اپریل کو، Notice date دیکھیں، 5:10 pm پہ Monday کو سوال نمبر بھی دیا گیا ہے اور ڈیپارٹمنٹ Sent to department جو ہے Sent to department 5th May کو کیا ہے، اب بتائیں کہ پانچ مئی کہاں اور ہم کہاں؟ تو مجھے یہ بتایا جائے جناب سپیکر صاحب، Actually یہ منسٹری جو ہے یہ ہیلتھ منسٹری ہے، میں بڑے افسوس کے ساتھ یہ بات کرنا چاہو نگی، چاہے کسی کو بری لگے یا اچھی لگے، لیکن As Opposition Member میری اپنی رائے ہے کہ اگر اس منسٹری کو کسی ایسے بندے کو دیا جاتا کہ جو ٹائم نکال سکتا، ابھی بجٹ کے دن ہیں اور ایک بندے کے پاس دو منسٹریاں ہیلتھ اور فنانس کی جب ہو نگی تو اس کا جواب یہ ہو گا کہ .Not received جناب سپیکر صاحب، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں 2.5 ارب روپے کورونا میں پبلک پیرا آ چکا ہے، کے ٹی ایچ میں انکوائری میں نے، خوشدل نے اور شگفتہ ملک صاحبہ نے، نعیمہ کشور صاحبہ نے، ہم لوگوں نے جب کی، کے ٹی ایچ میں جب اکسیجن کا مسئلہ تھا۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم، میں ایک بات کروں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نہیں سر، میری آپ بات سنیں ناں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں نہیں، میں آپ کی بات کر رہا ہوں، انہوں نے کوئسچن کا Reply نہیں دیا۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نہیں سر، میں اب ہیلتھ پر بات کرو نگی۔ سر، اگر کوئسچن کا Reply نہیں آیا تو میں ہیلتھ پر بات کرو نگی کیونکہ یہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ہے اور ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ اگر آپ مجھے بتائیں کہ یہ پانچ مئی کو گیا ہوا ہے، کیا ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ سویا ہوا ہے، کیا ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ چھٹیوں پر گیا ہوا ہے، کیا ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ہنی مون پہ گیا ہوا ہے، کیا ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ تو کہیں پکنک منانے کے لیے گیا ہوا ہے؟ مجھے یہ بتایا جائے کہ یہ جو اربوں کی کرپشن کے لئے ان کے پاس وقت ہے، 2.5 ارب روپے انہوں نے کورونا پہ خرچ کیا ہے، پھر اس کے بعد کے ٹی ایچ میں جو انکوائری ہوئی ہے، اس میں جو لوگ Guilty قرار پائے گئے ہیں، ان کو بی ایچ یو میں انہوں نے ترقیاں دے دی ہیں، اس کے بعد جناب عالی، ڈلیوری کیسز تو آؤٹ سائیڈ

گیٹ، یعنی پارکنگ میں ہوتے ہیں، میں جب بات کرتی ہوں تو کہتے ہیں گپ ہے، یہ کیا گپ ہے کہ ایک عورت پارکنگ میں ڈلیوری کرتی ہے اور اس کے لئے مرد چادریں تان لیتے ہیں، جب ہیلتھ منسٹر صاحب سے پوچھیں تو وہ کہتا ہے گپ ہے، تو جناب سپیکر، اس پر پھر آپ کے پاس جناب سپیکر صاحب، Competent لوگ موجود ہیں، ڈاکٹر سمیرا شمس، ڈاکٹر آسیہ اسد، جناب سپیکر صاحب، جب آپ کیبنٹ بنا رہے تھے، میں بار بار کہہ رہی تھی کہ ان لوگوں کے لئے اس کیبنٹ میں کوئی عورت نہیں ہے، پی اے سی میں کوئی عورت ابھی آئی ہے لیکن وہ لاء منسٹر کی وجہ Replacement ہے، ابھی بھی تین پوسٹیں خالی ہیں جناب سپیکر صاحب، اس سے تو یہ شوکت یوسفزئی نے اچھی چلائی ہے لاء منسٹری، اس سے تو اچھی شہرام خان چلائی ہے لاء منسٹری، اس کو ہشام خان۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> میڈم، ایک منٹ، میڈم۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> سر، مجھے بولنے دینگے اور جو کچھ سر، میرے ساتھ پھر اس بندے نے کیا ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> میں بولنے دونگا، ایک منٹ، ایک منٹ، میڈم، اس طرح ہے آپ کا کوسچن۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> وہ ساری دنیا نے دیکھی ہے جناب سپیکر صاحب، تبھی ہیلتھ کامیاب نہیں ہو رہا ہے، یہاں پر جو ڈلیوریاں سڑکوں پر ہو رہی ہیں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> اس کوسچن کو میں ڈائریکٹ کمیٹی کو بھیج دیتا ہوں جی۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> نہیں سر، کمیٹی میں بالکل نہیں لے جانا چاہتی، نہ انکوائری کمیٹی میں نہیں بھیجنا چاہتی ہوں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> پھر اس طرح کریں، ایک منٹ جی، اگر میری بات سنیں، پھر اس طرح۔۔۔۔۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> میں نے یہ کوسچن جناب سپیکر صاحب، یہ کوسچن میں نے پھاڑ دیا ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> ایک منٹ، میڈم، آپ سن لیں، میڈم، آپ سن لیں، سنیں میری بات۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> یہ ہیلتھ منسٹر نے ایک وطیرہ بنا لیا ہے، جب یہ فنانس کا اگر منسٹر ہے اور ہیلتھ کو ٹائم نہیں دے سکتا تو کسی اور کو دے دیں، کسی اور کو دے دیں ناں سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میری بات سنیں، اس طرح کر لیتے ہیں، اگر آپ۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، میں کسی کمیٹی کو نہیں بھجواؤ نگی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اچھا، میری بات کو سن لیں پھر، میری بات سنیں۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: ہمیشہ پہلا بھی کوئسچن ایسا ہی آیا تھا اور اس نے مجھے جواب نہیں دیا تھا سر، کسی اور کو یہ دے دیں، کسی اور کو دے دیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میری بات سنیں، میری تو سن لیں ناں، اگر آپ کمیٹی میں بھیجنا نہیں چاہتیں۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نہیں، میں نہیں بھیجونگی سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تو پھر اس کو Next day کے لئے ڈیفر کر لیتے ہیں تاکہ منسٹر صاحب آپ کو جواب دیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نہیں سر، میں نے پھاڑ دیا ہے اس لئے کہ ہیلتھ پر کوئی بندہ بات نہیں کر رہا ہے، کرپشن کے لئے اس کے پاس ٹائم ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس کو ڈیفر کر دیتے ہیں تاکہ منسٹر صاحب آپ کو جواب دے دیں Next day پر۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: 2.5 ارب کو جو کورونا میں انہوں نے ہڑپ کیا اور پچاس کا کوئی ریکارڈ ہی نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جس طرح ابھی میڈم نے بات کی، ہیلتھ منسٹر موجود نہیں ہے اور جس طرح میڈم نے بات کی، ایک منٹ آپ سن لیں، آپ سنیں حوصلے سے، اور کافی کہتے ہیں Important سوال ہے اور ان کا جواب دینا ضروری ہے تو ان کے تین کوئسچنز ہیں اور میرے خیال سے، ایک دو نگہت اورکزئی صاحبہ کے ہیں، ایک خوشدل خان صاحب کا ہے، ان تینوں سوالوں کو میں ڈیفر کرتا ہوں، جس دن ہمارے ہیلتھ منسٹر موجود ہونگے تو وہ خود جواب دینگے، اگر اس دن بھی وہ موجود نہ ہوں تو ہم اس کو ڈائریکٹ کمیٹی میں ریفر کرینگے جی۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، میں اپنے کوئسچن پر بات کرنا چاہونگا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خوشدل خان صاحب، ایک منٹ، اسی وجہ سے تو میں نے ان کو۔۔۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: میں بات کرناچاہونگا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اچھا، یہ کوئسچن جو ہے میڈم نگہت اورکزئی 11354، یہ ڈیفر ہے، جب تک ہیلتھ منسٹر خود موجود نہ ہوں، وہ خود Reply دینگے۔ کوئسچن نمبر 1136، نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: مجھے اجازت دے دیں، میں اس منسٹر پر پریویلج لاناچاہتی ہوں کیونکہ یہ ہاؤس کی بے توقیری ہے، میں اس منسٹر پر سر، پریویلج لاناچاہتی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ میڈم، Next Question پر آئیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، میں اس ڈیپارٹمنٹ پر اور منسٹر پر میں پریویلج لاناچاہتی ہوں جناب سپیکر، آپ نے Oath اٹھایا ہوا ہے، آپ نے Oath اٹھایا ہے کہ آپ ہر چیز میرٹ کی بنیاد پر کرینگے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں جی میرٹ پر کر رہا ہوں جی۔ Totally اور سیکرٹری صاحب، چیف سیکرٹری صاحب کو ایک لیٹر لکھیں کہ ڈیپارٹمنٹ ٹائم پر جواب کیوں نہیں دیتا؟ سیکرٹری ہیلتھ کو بھی Displeasure note دیں کہ آپ کو دیا گیا ہے 26 اپریل کو، اور آپ، 26 اپریل کو پہلے دیا گیا تھا، (مداخلت) ہاں وہی میں کہہ رہا ہوں اور ابھی تک اس کا جواب نہیں آیا، تو چیف سیکرٹری سے کہیں کہ اپنے تمام سیکرٹریز صاحبان سے کہیں کہ جواب ہمیں اسمبلی میں دو دن پہلے ملنا چاہیئے، اگر ایسا نہ ہوا تو پھر سپیکر صاحب اور میں سخت سے سخت اقدامات اٹھائیں گے۔ کوئسچن نمبر 1136، نگہت اورکزئی صاحبہ۔

* 1136 _ محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کیا وزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے بھر کی جیلوں میں خواتین قید ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یکم جنوری 2019 سے 2020 تک خواتین جیلوں میں قید ہیں، ان کے ساتھ کتنے بچے قید ہیں، تمام خواتین کا مکمل ریکارڈ فراہم کیا جائے کہ کن دفعات کے تحت قید ہیں، ان کو جیلوں میں کونسی سہولیات میسر ہیں، ان کی تربیت کے لئے حکومت کیا منصوبہ جات شروع کر رہی ہے اور کونسے ہنر سکھا رہی ہے، ان کو بعد از قید معاشرے میں اچھی شہری بننے کے لئے اور جرائم سے بچنے کے لئے کیا تربیت دی جاتی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شفیع اللہ خان (معاون خصوصی جیل خانہ جات): (الف) یہ درست ہے۔

(ب) جیلوں میں قیدی/ حوالاتی خواتین بمعہ ان کے بچوں کی مکمل تفصیل جھنڈا (الف) پر منسلک ہے۔
جہاں تک ان خواتین قیدیوں کو جیل کے اندر سہولیات اور ان کی تربیت کا سوال ہے تو موجودہ وقت میں ان خواتین قیدیوں کو جیل کے اندر درجہ ذیل سہولت / تربیت کا اہتمام کیا گیا ہے:

1۔ حکومت خیبر پختون خوا نے قیدیوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کی غرض سے جیل قوانین میں ضروری ترامیم کر چکی ہیں۔

2۔ خواتین اور کمسن قیدیوں کو مرد قیدیوں سے علیحدہ رکھا جاتا ہے اور کسی مرد قیدی یا ملازم کو زنانہ سیکشن میں جانے کی اجازت نہیں دی جاتی۔

3۔ جیل کے اندر زنانہ و مردانہ قیدیوں کو پینے کا صاف پانی مہیا کرنے کے لئے الیکٹرک واٹر کولر کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔

4۔ خواتین قیدیوں کو سلائی کڑھائی اور دستکاری کا ہنر سکھانے کے علاوہ دینی تعلیم بھی دی جاتی ہے۔

5۔ خواتین قیدیوں کی اصلاح (نفسیاتی مشاورت) کے لئے زنانہ تفسیاتی ماہر (Psychologist) جیلوں میں تعینات ہیں۔

6۔ تفریحی سہولیات جس میں ٹی وی، ریڈیو اور کھیل کود شامل ہیں، کئی جیلوں میں موجود ہیں۔

7۔ تمام جیلوں میں ہسپتال / بنیادی مراکز صحت موجود ہیں۔

8۔ زنانہ قیدیوں کی طبّی سہولیات کی فراہمی کے لئے ڈاکٹر اور LHV کی آسامیاں کئی جیلوں میں موجود ہیں۔

9۔ متعلقہ ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال سے ہر ہفتے سپیشلسٹ ڈاکٹرز جیلوں کا دورہ کرتے ہیں اور مریض قیدیوں / حوالاتیوں کو طبّی سہولیات فراہم کرتے ہیں۔

10۔ سنٹرل جیل پشاور میں کمسن قیدی بچوں کے لئے اوپن ایئر جیم جبکہ سنٹرل جیل مردان میں انڈور بیڈمنٹن کورٹ کو صوبائی محکمہ کھیل کھود کے تعاون سے بنایا گیا ہے۔

11۔ تمام قیدیوں / حوالاتیوں کے بلڈ سکریننگ ٹیسٹ برائے ہیپیٹائٹس بی اور سی کروائے جاتے ہیں اور مریض قیدیوں کو ہر قسم کے علاج معالجے کی تمام سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔

12۔ جیلوں کے ہر بیرک میں پنکھے موجود ہیں اور لوڈ شیڈنگ کی صورت میں جنریٹر کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے۔

13۔ زنانہ قیدیوں / حوالاتیوں کے ساتھ شیر خوار بچوں کو جیل کے Rule 489 کے تحت خوراک مہیا کی جاتی ہے۔

14۔ بچوں کو دودھ پلانے والی اور حاملہ خواتین کو دیگر طبّی سہولیات کے علاوہ جیل کے Rules 487 & 488 کے تحت خصوصی خوراک مہیا کی جاتی ہے۔

15۔ خواتین قیدیوں کو سونے کے لئے چارپایاں مہیا کی گئی ہیں۔

16۔ خواتین قیدیوں کے لئے علیٰحدہ ملاقات کمرہ مختص کیا گیا ہے۔

17۔ مختلف غیر سرکاری فلاحی ادارے خواتین قیدیوں اور ان کے بچوں اور کمسن قیدیوں کی فلاح کے لئے اقدامات اٹھا رہے ہیں۔

18۔ زنانہ قیدیوں کے ساتھ بچوں کو جیل کی حدود میں تعلیم حاصل کرنے کی سہولت دی جاتی ہے، نیز ان بچوں کو کھیل کھود کے لئے جس میں بال ریکٹ، کیرم بورڈ اور کرکٹ کھیلنے کا سامان فراہم کیا گیا ہے۔

19۔ مختلف خیراتی اداروں کی طرف سے زنانہ قیدیوں کو مفت قانونی چارہ جوئی کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ یہ میرا سوال ہے Prisoners کے بارے میں اور اس میں میں نے جو تفصیل پوچھی ہے، I appreciate the new Minister Shafiullah Khan Sahib کہ جن کے ابھی آئے ہوئے محکمہ کو آٹھ دن ہوئے ہیں لیکن ان کا جواب جتنا مکمل ہے اس سے پہلے میں نے اتنا مکمل جواب نہیں دیکھا، لیکن اس پر سر، میں ایک بات کرنا چاہتی ہوں، انہوں نے مجھے پوری تفصیل دی ہے جناب سپیکر، اس میں چھوٹے چھوٹے مقدموں میں میری ایک Suggestion ہے، مجھے جواب مل گیا ہے لیکن سر، میری Suggestion یہ ہے کہ یہ آپ کی پی ایم کی تصویر ہے ٹھیک ہے جی! اور یہ ہائی کورٹ کا فیصلہ ہے جو میں نے آپ کو دیا ہے، اس میں وہ کہتے ہیں، میں منسٹر صاحب سے یہ درخواست کرونگی کہ اپوزیشن اور گورنمنٹ کی ایک کمیٹی بنائیں اور تمام جیلوں کا وہ

وزٹ کریں اور اس میں جتنی بھی خواتین جن کی معیاد مدت جو قید کی ہے وہ کم ہے اور جس میں Juvenilesہیں اوران کی بھی قید کی مدت اگر کم ہے توان کو رہا کیا جائے اور یہ تمام صوبے کا جب وزٹ ہو جائیگا تو اس کے بعد ہو سکتا ہے منسٹر صاحب میرے ساتھ ایگری کریں یا نہ کریں؟ لیکن میری ایک Suggestionضرور ہے اس میں، تو باقی اس میں مجھے یہ جو جواب انہوں نے دیا ہے لیکن بالکل Completeہے.And I appreciate the Prisons Department کہ انہوں نے جس طریقے سے مجھے یہ جواب دیا ہے، تو چاہیئے تو یہ کہ یہ ان تمام منسٹروں کے لئے ایک مثال قائم ہو کیونکہ جہا ں اچھی بات ہو گی وہاں پر ہم تنقید برائے تنقید نہیں کریں گے لیکن جہاں پر جس طریقے سے Not receivedبڑا اچھا کوئسچن کا جواب آجاتا ہے، وہاں پر ہم تنقید ضرور کریں گے اور اس منسٹر کو ضرور ٹارگٹ کریں گے۔ تھینک یو، جناب سپیکر سر، یہ ان سے جواب لے لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ اس میں جو ہمارے شفیع اللہ خان صاحب ہیں، منسٹر، انہوں نے جو Suggestion دی ہے، شفیع اللہ خان صاحب، آپ میڈم کے ساتھ بیٹھے ہیں اور اس پر Proper workingکریں اور جو بہتر اس کے لئے ہو سکے وہ کریں جی جی۔

جناب شفیع اللہ خان (معاون خصوصی جیل خانہ جات): شکریہ سپیکر صاحب، نگہت اورکزئی صاحبہ ایک Seasoned politicianہیں، اس نے مجھے اور میرے ڈیپارٹمنٹ کوAppreciate کیا، میں ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں اور ساتھ ہی اپنے Prisons Departmentکو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ جہاں تک اس کی Suggestion کا تعلق ہے، یہ ایک Valid suggestion ہے، میں ایگری کرتا ہوں اور ان شاءاللہ بیھٹیں گے اور Jointly ہم کمیٹی بنائیں گے اور جو Deficienciesہیں، جو کمی ہے اس کو ہم دور کریں گے۔ Thank you so much.

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر 11427، جناب خوشدل خان صاحب۔

* 11427 _ جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(ا) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے سال 2016 سے لیکر 2020 کے دوران ضلع پشاور کے بی ایچ یوز و آر ایچ سیز اور ہسپتالوں کے لئے مختلف اقسام کی ادویات اور مشینری خریدی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ادویات اور مشینری کس طریقہ کار کے تحت خریدی گئیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

(جواب ندارد)

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب، ډیره مننه. دا خو دوه کوئسچنز دی، 11427 و 11426 او دواړه د هیلتھ ډیپارتمنټ باره کښې دی، په هغې باندې ما نه مخکښې نگهت یاسمین ډیرې خبرې اوکړې وربانديې. سپیکر صاحب، بات یہ ہے کہ اتنا اہم Important department ہے، بہت وسیع ڈیپارٹمنٹ ہے اور لوگوں کی صحت اور زندگیوں کے ساتھ معاملہ ہے لیکن ان کوئسچنز کو بھی دیکھیں، نوعیت کو، بہت Important Questions ہیں اور کورونا کے بارے میں ہیں اور خاص کر سیکنڈ کوئسچن آپ صرف ملاحظہ کر لیں، سرکاری شعبہ صحت میں استعداد کی کمی کے بعد نجی لیبارٹری سے ایک معاہدے کے تحت کورونا کی ٹیسٹنگ کی جاتی ہے، اخبار میں میں نے پڑھا تھا کہ اس ٹیسٹنگ پر ہمارے کتنے پیسے خرچ ہوئے؟ سر، آپ کو پتہ ہوگا۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سن رہا ہوں، سن رہا ہوں۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: تین ارب، تین ارب، کیا ہمارے یہ تینوں ہسپتالوں میں چار سو لیبارٹریز کی بھی کمی ہے کہ ہم نجی پرائیویٹ لیبارٹریوں سے ٹیسٹس کراتے ہیں، ان کو پیسے دیتے ہیں اور پھر ان کے ساتھ ہمارا معاہدہ کیا ہے؟ ان کے ساتھ ہمارا ریٹ کس طرح طے ہو گیا؟ لیکن اس کا حال یہ ہے کہ آپ کے سامنے ہے، نہ کوئی جواب ہے، تو میری یہ آپ سے ریکویسٹ ہو گی کہ ان کو جو Concerned Committee ہے اس کو بھیج دیں، ابھی سے وہ جواب بھی لے آئیں گے اور ہم اس کو ڈسکس کریں گے اور آپ سے میری ذاتی ریکویسٹ ہے کہ یہ اپنی کمیٹیوں کو ذرا فعال کر لیں۔ اب یہ ہیلتھ کمیٹی ہے میرے خیال میں جب سے یہ بنی ہے، دوبارہ تو میرے خیال میں اس کی ایک بھی میٹنگ نہیں ہوئی اور ہوئی بھی ہے تو وہ بھی اس میں کوئی بھی پروسیڈنگز نہیں ہوئی تھی، تو اگر ایک طرف ہماری کمیٹیاں اتنی غیر فعال ہیں تو کس طرح ہم ڈیپارٹمنٹ کی Accountability کریں گے، ان کا احتساب کیسے کریں گے، ہمیں کس طرح ڈیپارٹمنٹ کی Efficiency کا پتہ چلے گا؟ میری ریکویسٹ یہ ہے کہ It should be referred to

the Committee concerned, immediately after asking from the House. اوراس پر ذرا آپ سختی کرلیں سر، یہ حالات بہت خراب ہیں، حالات بہت خراب ہیں، ہم کیا کر سکتے ہیں۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر، پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ سپلیمنٹری کرنا چاہتے ہیں؟ جی

میاں نثار گل: شکریہ جناب سپیکر، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے بارے میں باتیں ہو رہی ہیں، یہ پورے صوبے کے لئے اور آپ کے لئے اور ہمارے لئے کیونکہ بہت ذمہ دار ڈیپارٹمنٹ ہے، روزوں میں اسمبلی اجلاس میں میں نے ایک پوائنٹ اٹھایا ہوا تھا کہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی دوائیاں جگہ جگہ فروخت ہو رہی ہیں اور وہ باقاعدہ اخبار میں بھی آیا ہوا تھا کہ کرک کی دوائیاں چارسدہ میں بہت بڑی مقدار میں پکڑی گئی ہیں، کم تعداد میں نہیں، پھر اس کے بعد میرے پاس ریکارڈ آیا کہ بارہ اضلاع کی ایسی دوائیاں ہیں جو ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی جگہ جگہ میں فروخت ہو رہی ہیں، سپیکر نے رولنگ بھی دی کہ چودہ دن کے اندر اندر ڈیپارٹمنٹ سے اس کا جواب ملنا چاہیئے۔ جب سارے ممبران اسمبلی اسی ڈیپارٹمنٹ کے متعلق بات کرتے ہیں۔ تو میرے خیال میں ہم منسٹر کے مخالف نہیں ہیں، وہ ہمارے لئے قابل احترام ہیں لیکن جب وہ اس کے ساتھ فنانس ہو اور ہیلتھ ہو، دونوں ہیوی ڈیپارٹمنٹس ہوں، اور ایوان سوالات بھیجے اور اس کا جواب نہ ملے اور ان کی دوائیاں ایک ضلع کی دوسری جگہ پہ فروخت ہو رہی ہوں تو پھر اشارہ ہمیں یہ ملتا رہے گا، جس طرح خوشدل صاحب نے کہا کہ کورونا پہ تین ارب روپے ٹیسٹ پہ خرچ ہوئے ہیں، تو ہم یہ نہیں کہتے ہیں کہ ہیلتھ منسٹر بڑے ذمہ دار آدمی ہیں کہ وہ اس میں Involve ہوں گے لیکن جب دوائیوں کا نہیں پوچھتے، تین ارب کا نہیں پوچھتے، سوالات کے جوابات نہیں دیتے تو پھر میرے خیال میں ہمیں تو یہ منسٹری نہیں ملے گی، کسی اور کو ملے گی، برائے مہربانی ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ بہت ذمہ دار ڈیپارٹمنٹ ہے اور ہم اس کا احترام کرتے ہیں لیکن جب وہ اسمبلی کا احترام نہیں کریں گے، مریضوں کا احترام نہیں کریں گے، دوائیاں فروخت ہونگی تو پھر اشارہ ہمیں ملے گا کہ یہ میرے خیال میں ملی بھگت سے یہ سارا کچھ ہو رہا ہے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جناب شوکت یوسفزئی صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وافرادی قوت): جناب سپیکر، ہیلتھ واقعی ایک بہت Important department ہے، میں بھی رہ چکا ہوں، اس میں کافی مشکلات بھی ہوتی ہیں، آپ جتنا بھی کام کریں لیکن ظاہر ہے کہ جتنی آبادی ہے ہماری، جتنی ہمارے پاس Facilities ہیں، مشکلات تو ہوتی ہیں لیکن جو کورونا کے حوالے سے بات ہوئی جناب سپیکر، جو کرپشن کے الزامات لگے، میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو پہلی لہر آئی تھی کورونا کی، اس وقت واقعی ہم تیار نہیں تھے، کوئی بھی تیار نہیں تھا دنیا کے اندر اور اس میں ہم نے دیکھا اٹلی جیسے ملک میں جو لوگ مرتے تھے، سڑکوں کے اوپر مرتے تھے، گلیوں میں ان کی لاشیں پڑی ہوتی تھیں، یہ شکر الحمدللہ کہ وہ صورتحال یہاں پیدا نہیں ہوئی جناب سپیکر، لیکن جو دوسری تیسری لہر آئی، اس کی وجہ سے آپ دیکھیں کہ بہت شدت سے آئی لیکن وہ Panic آپ کو نظر نہیں آئی، کیوں؟ اس لئے کہ آپ نے اپنے ہسپتالوں کو اس قابل بنا دیا تھا جس کی وجہ سے وہ Facilities جو کورونا میں آپ Deal کرتے ہیں، وہ Facilities آپ نے دے دی تھیں ہسپتالوں کو، جس کی وجہ سے یہ جو شدت کے ساتھ لہر آئی، اس کا ہم نے مقابلہ کیا اور وقتاً فوقتاً اس کے لئے اقدامات اٹھائے گئے۔ تو جو یہ بات کر رہے ہیں کہ جی اتنے پیسے خرچ ہوئے، دیکھیں اس وقت لوگوں کی زندگی بچانا تھی، آج اگر وہ لوگ مر جاتے اور ہم کہتے جی کہ پیسے کیوں خرچ نہیں کئے؟ تو میرے خیال سے یہاں پہ یہ بڑا معزز ایوان ہے، یہ کوئی چوک یادگار یا جلسہ گاہ نہیں کہ ہم آکر جو بھی کہیں کہ، ہم کہہ دیں جی، تین ارب کی چوری ہوئی ہے، یہ ایوان ہے، اس میں آپ کو پورا حق حاصل ہے، آپ آئیں اور ساتھ ثبوت لے کر آئیں کہ جی یہاں پہ چوری ہوئی ہے (شور) ایک منٹ جی، ایک منٹ پلیز، میں اس پہ عرض کرنا چاہتا ہوں جناب سپیکر۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ، ایک منٹ۔۔۔

وزیر محنت وافرادی قوت: سنیں تو، اچھا سنیں تو، یہ کوئی طریقہ نہیں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سن لیں، ایک منٹ، ایک منٹ سن لیں، سن لیں جی۔۔۔۔

وزیر محنت وافرادی قوت: یہ کوئی طریقہ نہیں، دیکھیں آپ کو پتہ ہے، میں پبلک اکاؤنٹس میں، پبلک اکاؤنٹس۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: یو منټ جی، بابک صاحب، درانی صاحب، یو منټ جی

